# محفوظ گھروں کا ایکٹ

### محفوظ گھروں کا ایکٹ کیا ہے؟

یہ ایک قانون ہے جو آپ کو یا آپ کے گھرانے میں سے کسی کو جو گھریلو تشدد یا جنسی تشدد (بشمول ملاقاتِ محبت کے دوران تشدد، گھات سے پکڑے جانا ، بچوں سے بد سلوکی، اور معمر افراد سے بد سلوکی) کا شکار ہوا ہو ، یہ حق دیتا ہے کہ آپ :

- اپنی لیز (زبانی یا تحریری) کو ختم کر کے گھر چھوڑ دیں۔ وہ کرایہ دار جو قانون کو درست طور پر استعمال کرتے ہیں، گھر چھوڑنے کے بعد واجب الادا کرایے کے لئے ذمہ دار نہ ہوں گے۔
- نگامی حالت میں بدسلوکی کرنے والے کو گھر سے باہر رکھنے کی خاطر تالوں کو تبدیل کریں۔ آپ ایسا کر سکتے ہیں, اگر آپ کے پاس ایک تحریری لیز ہے اور بد سلوکی کرنے والا لیز پر نہیں ہے، یا اگر آپ زبانی یا تحریری لیز کے حامل ہیں اور آپ کے پاس عمارت کے بلا شرکتِ غیرے قبضہ عطا کرنے کے بارے میں U<u>عدالتی حکم نامہ</u>U موجود ہے۔

### کیا یہ قانون میرے گھر کا احاطہ کرتا ہے؟

آپ اس ایکٹ کو استعمال کر سکتے ہیں، اگر آپ مندرجہ ذیل میں رہتے ہوں :

- سائز کے لحاظ کے بغیر کرایے کی نجی رہائش۔
- امداد یافتہ رہائش بشمول رہائشی انتخاب کے " سیکشن 8 واؤچر "
- عوامی رہائش شامل نہیں ہے۔

**مدد درکار ہے؟**

**شکاگو میں —**

*ہیلپ لائن برائے گھریلو تشدد:* 877-TO END DV
*ریپ کرائسس ہاٹ لائن:* 888-293-2080
*فاؤنڈیشن برائے قانونی معاونت:* 312-341-1070

**شکاگو سے باہر —**

*لینڈ آف لنکن قانونی مدد:* 800-252-8629
*ریاست پریری قانونی خدمات:* 800-531-7057

## اپنی لیز کو جلد ختم کرنا

اگر آپ یا آپ کے گھرانے میں سے کوئی گھریلو تشدد یا جنسی تشددکا شکار ہوا ہو، تو آپ لیز کو جلدی ختم کر سکتے ہیں، چاہے بد سلوکی کرنے والا آپ کے گھرانے کا فرد ہو، اگر :

- U<u>عمارت میں</u>U ضرر کا کوئی U<u>یقینی اور ناگزیر</u>U خطرہ ہو۔
- آپ گھر چھوڑنے سے تین دن قبل یا تین دن بعد صاحبِ جائداد کو U<u>یقینی اور ناگزیر</u> Uخطر ے کے بارے میں تحریری نوٹس دیتے ہیں۔

نوٹس دیتے وقت کسی اور بالغ فرد کو ہمراہ لائیں، یا اسے مصدقہ ڈاک کے ذریعے ارسال کریں۔ نوٹس کی ایک نقل اپنے لئے پاس رکھیں۔ اگر آپ لیز کو جلدی ختم کرتے ہیں، تو آپ کو اپنی تمام املاک ہٹا لینا چاہئے اور اپنی چابیاں صاحبِ جائداد یا جائداد کے منتظم کو دے دینا چاہئیں۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ آپ نے اپارٹمنٹ خالی کر دی ہے۔

**U<u>جنسی تشدد کے لئے مزید حفاظت</u>**

اگر آپ یا آپ کے گھرانے کے کسی فرد کے ساتھ عمارت میں جنسی تشدد کا کوئی فعل سرزد ہوا ہو، تو آپ کسی یقینی اور ناگزیر خطر ے کو دکھائے بغیر اپنی لیز کو جلد ختم کر سکتے ہیں۔ لیز کو ختم کرنے کے لئے آپ کو لازماً :

- گھر چھوڑنے سے 3 دن قبل یا بعد میں اور جنسی تشدد کے60 دن کے اندر یا بعد میں جتنی جلد ممکن ہو سکے صاحبِ جائداد کو U<u>تحریری نوٹس</u>U دینا ہوگا۔
- U<u>شہادت</u>U، جیسے پولیس رپورٹیں، طبی کوائف، عدالتی ریکارڈ یا کسی تنظیم برائے خدماتِ مظلومین کے بیان کو شامل کریں۔

## تجدید کیا گیا: اپنے تالے تبدیل کرنا

اگر عمارت میں گھریلو یا جنسی تشدد کا U<u>یقینی اور ناگزیر خطرہ</u>U موجود ہو تو آپ ہنگامی طور پر تالے میں تبدیلی کی درخواست کر سکتے ہیں، جب تک کہ :

- آپ کے پاس تحریری لیز موجود ہو اور بد سلوکی کرنے والا عمارت میں موجود نہ ہو۔ آ پ کو لیز کے تمام کرایہ داروں کی جانب سے اپنےصاحبِ جائداد کو لازماً ایک U<u>تحریری درخواست</u>U دینا ہوگی اور U<u>شہادت</u>U، جیسے پولیس رپورٹیں، طبی کوائف، عدالتی ریکارڈ یا کسی تنظیم برائے خدماتِ مظلومین کے بیان کو شامل کر نا ہوگا۔

یا

- آپ بد سلوکی کرنے والے کے ساتھ ایک زبانی یا تحریری لیز میں شریک ہیں اور آپ کے پاس جائداد کا بلا شرکتِ غیرے قبضہ دینے والا ایک مکمل حکم برائے تحفظ یا ایک دیوانی حکم برائے عدم رابطہ موجود ہے۔ آپ کو تمام کرایہ داروں ما سوائے بدسلوکی کرنے والے کے، کی جانب سے صاحبِ جائداد کو ایک U<u>تحریری نوٹس</u>U دینا ہوگا اور U<u>عدالتی حکم</u>U کی ایک نقل نوٹس کے ساتھ لگانا ہوگی۔

آپ کے صاحبِ جائداد کو تحریری درخواست کے 48 گھنٹوں کے اندر تالوں کو بدلنا ہوگا یا آپ کو بدلنے کی اجازت دینا ہوگی۔ اگر آپ کا صاحبِ جائداد انہیں 48 گھنٹوں کے اندر نہیں بدلتا ہے تو آپ انہیں صاحبِ جائداد کی اجازت کے بغیر بدل سکتے ہیں، یا انہیں بدلوانے کے لئے عدالت میں صاحبِ جائداد پر مقدمہ دائر کر سکتے ہیں۔ آپ اور صاحبِ جائداد کو ایک دوسرے کو نئی چابیاں دینے کی ایک پُرخلوص کوشش کرنا چاہئے۔

## مثالیں برائے:

### یقینی ناگزیر خطرہ

- بد سلوکی کرنے والا آپ کے یا کسی گھریلو رکن کے کام پر آ جاتا ہے اور آپ کو ڈر ہے کہ وہ اگلی دفعہ گھر پر آ جائے گا۔
- یک گھات لگانے والا آپ کے یا آپ کے گھرانے کے رکن کے اپارٹمنٹ کے ساتھ والی گلی میں کھڑا ہوتا ہے۔
- آپ پر عمارت میں مجرمانہ حملہ ہوا ہے اور پولیس نے بد سلوکی کرنے والے کو نہیں پکڑا ہے۔
- یک بد سلوکی کرنے والا سابقہ بوائے فرینڈ جانتا ہے کہ آپ کہاں رہتے ہیں۔
- آپ کا بٹوہ اور چابیاں بد سلوکی کرنے والے نے چوری کر لی تھیں اور ابھی تک نہیں ملیں۔

### عمارت میں

- لانڈری روم ، پچھلا صحن، پارکنگ کی جگہ، ہال وے، سامنا اور پچھلا داخلے والا دروازہ ، اپارٹمنٹ یُونٹ کے اندر وغیرہ

### تحریری نوٹس

- "میرا سابقہ شوہر ابھی ابھی جیل سے نکلا ہے اور اسے پتہ چل گیا ہے کہ میں کہاں رہتی ہوں۔ اس نے کہا تھا کہ وہ مجھے مار دے گا۔ محفوظ گھروں کے ایکٹ کے تحت، میں اب اپنا اپارٹمنٹ چھوڑ رہی ہوں" (اپنی لیز جلدی ختم کرنے کے لئے)۔
- "میرے محبوب (ڈیٹ) نے گذشتہ رات میرے اپارٹمنٹ میں مجھ پر مجرمانہ حملہ کیا۔ میں یہاں پر مزید نہیں رہنا چاہتی اور یہاں سے جانے کے لئے محفوظ گھروں کے ایکٹ کو استعمال کرنا چاہتی ہوں" (اپنی لیز جلدی ختم کرنے کے لئے)۔
- میرے سابقہ بوائے فرینڈ نے اجازت کے بغیر میرے گھر کی چابی کی نقل بنوا لی ہے۔ میں محفوظ گھروں کے ایکٹ کو استعمال کرتے ہوئے تالوں کو بدلنا چاہتی ہوں" (تالوں کو بدلنے کے لئے)۔

## عورتوں کے خلاف تشدد کا ایکٹ (VAWA)

### *VAWA کیا ہے؟*

VAWA ایک وفاقی قانون ہے جو گھریلو تشدد، ملاقاتِ محبت کے دوران تشدد، اور گھات سے پکڑے جانے کی شکار ان عورتوں کا تحفظ کرتا ہے جو مندرجہ ذیل میں یا ان کے ساتھ رہتی ہیں:

- **عوامی رہائش**
- **پروجیکٹ پر مبنی سیکشن 8 کی رہائش**
- **رہائشی انتخاب کے "سیکشن 8" واؤچروں والی نجی رہائش**

جنسی تشدد کے شکار افراد کی حفاظت فقط چند حالات میں کی جاتی ہے۔

### داخلے

مالکان جائداد کسی درخواست دہندہ کے کوائف بطور گھریلو تشدد، ملاقاتِ محبت کے دوران تشدد، اور گھات سے پکڑے جانے بشمول متعلقہ مجرمانہ سرگرمی کے شکار، کو رہائشی تعاون دینے سے انکار کی وجہ کے طور پر استعمال نہیں کر سکتے، اگر وہ بصورتِ دیگر اہل ہوں۔

### اِخراج

گھریلو تشدد، ملاقاتِ محبت کے دوران تشدد، اور گھات سے پکڑے جانے بشمول متعلقہ مجرمانہ سرگرمی کے شکار ہونے کے فی الواقع یا مخدوش واقعے (واقعات) کسی صاحبِ جائداد کو یہ حق نہیں دیتے کہ وہ کسی کو نکال دے، اگر شکار ہونے والا فرد ایک کرایہ دار یا کرایہ دار کے خاندان کا نز دیکی رُکن ہے۔

بد سلوکی کرنے والے کی لیز کو ختم کرنا

عمارت کا مالک کسی واحد کرایہ دار، جو اہلِ خاندان یا دوسروں کے خلاف جسمانی تشدد کا ارتکاب کرتا ہے ، کو نکال سکتا ہے، ہٹا سکتا ہے یا اس کی لیز کو ختم کر سکتا ہے۔ عمارت کے مالک کو کسی ایسے عدالتی حکم کی پابندی بھی کرنا ہوگی جو تشدد کے شکار افراد کو گھر کا قبضہ دلاتا ہو۔

# گھریلو اور جنسی تشدد کے شکار افراد کے رہائشی حقوق

**مزید معلومات کے لئے، رابطہ کریں:**

**کیٹ والز (Kate Walz)**
katewalz@povertylaw.org
312.263.3830, ext. 232
**وینڈی پولک ( Wendy Pollack)**
wendypollack@povertylaw.org
312.263.3830, ext. 238, یا
**ہاؤسنگ ایکشن اِلی نائے**
312.939.6074 **(Housing Action Illinois)**

Illinois Equal Justice Foundation کی جانب سے فراخ دل امداد سے تخلیق کیا گیا۔